# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: ماں کا خواب (نظم) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختہ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، گیند، پلاسٹک کی بوتلیں، مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں، الفاظ اور ان کے معانی پر مشتمل پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور انھیں گروہ بادل اور گروہ دھنک کا نام دے دیں۔
- مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جنھوں نے گذشتہ روز سبق نہ پڑھا ہو اور وہ کمرا جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔
- بورڈ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کر دیں اور ان میں گروہ بادل اور گروہ دھنک لکھ دیں۔ اب باری باری پرچیاں کھولیں، جن بچوں کے نام آئیں، ان سے نظم "ایک گائے اور بکری" کی پڑھائی کروائیں۔ درست تلفظ کے چار نمبر ہوں گے۔ اس طرح جس جس گروہ کا بچہ پڑھے، اس کے نمبر ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ گروہ کے خانے میں لکھتے جائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔ اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔
- اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 79 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "اضطراب" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ اور معانی پوچھیں۔ اور بورڈ پر اسکا معنی لکھیں: "بے تابی، بے چینی"۔
- اسی طرح یہ مشق نئے الفاظ کے تحت دی گئے باقی الفاظ پر کروائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔

| |
|---|
| • جماعت کے بچوں کے 4 گروہ بنا دیں۔ 8 مختلف رنگ کی پرچیوں پر نئے الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ لکھ لیں۔ اب 8 پلاسٹک کی بوتلیں لیں اور ان پر انھی الفاظ کے معانی لکھ دیں۔ اب جماعت میں ایک طرف یہ بوتلیں ایک قطار میں تھوڑے تھوڑے فاصلے پر رکھ دیں۔<br>• اب بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو پرچی آئی ہے، اس پر لکھے ہوئے حروف کو ملا کر متعلقہ الفاظ اور ان کے معانی سوچیں۔ کسی ایک گروہ کے دو بچوں کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ ان کے پاس جو الفاظ آئے ہیں، بوتلوں میں دیکھے کہ کن بوتلوں پر ان کے معانی لکھے ہیں، پھر ان بوتلوں کو گیند کی مدد سے گرائے۔ درست الفاظ بنانے، درست معانی والی بوتلیں گرانے اور درست جملے بتانے کی صورت میں اس گروہ کو تین نمبر ملیں گے اور درست بوتل نہ گرانے کی صورت میں اس گروہ کے تین نمبر کٹ جائیں گے۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ نے درست معانی والی بوتلوں کی نشان دہی کی ہوگی، وہ فاتح قرار پائے گا۔<br>• اب مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات چارٹ کی بنی ہوئی مختلف اشکال جیسے مربع، ، مثلث، مستطیل، اور دائرہ وغیرہ لکھ دیں اور یہ پرچیاں 5 آئس کریم اسٹکوں پر گوند کی مدد سے چپکا لیں۔ یہ آئس کریم اسٹکیں ایک کپ میں ڈال کر میز پر رکھ دیں۔ اب میز پر گتے کا چوکور ڈبا رکھ دیں، جس کی اطراف میں چارٹ کی بنی ہوئی وہی اشکال چسپاں ہوں، جو آئس کریم اسٹکوں پر بنی ہوں۔<br>• بچوں کے 5 گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبا گھما کر میز پر لُڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔<br>• پھینکے جانے پر ڈبے کی اوپر کی جانب جو شکل بنی ہوں اسی شکل کی آئس کریم اسٹک نکال کر اس بچے کو دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ آئس کریم اسٹکوں پر لکھے ہوئے سوال پڑھیں اور ان کے جوابات سوچیں۔<br>• بچوں سوالات کے جوابات لیں۔ بعد ازاں بورڈ پر ان سوالات اور ان کے جوابات لکھیں اور بچوں سے کاپی پر لکھوائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) سوال نمبر 1 میں دیئے گئے سوالات بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں سے جوابات لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ نئے الفاظ کے تحت دیے ہوئے الفاظ کاپیوں پر لکھیں اور انھیں جملوں میں استعمال کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام:ماں کا خواب (نظم) | |

**مقاصد:** الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔
کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مار کر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، گتے کا ڈبا، سبق میں سے کوئی سے چار سوالات کی پرچیاں، چارٹ کی بنی ہوئی ناشپاتیاں، پلاسٹک کی تھیلیاں، جملوں کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔ ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگ کا کاغذ چڑھا لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔
- سبق میں سے کوئی سے 5 سوالات کی پرچیاں بنا کر ڈبے کی اطراف میں بنی ہوئی جیبوں میں ڈال دیں مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کا رخ اندر کی طرف کر دیں۔ کسی ایک گروہ میں سے کسی بھی بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس جیب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس بچے کو اس سوال کا جواب دینے کے لیے کہیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر مختلف بچوں سے بھی کروائیں۔ درست جوابات دینے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم نظم سے متعلق مصرعے مکمل کرنے اور کالم ملانے کی سرگرمی کریں گے۔ بچوں کو خاموشی سے نظم کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد بچوں سے کتابیں بند کروا دیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ہر گروہوں کو چارٹ کی بنی ہوئی ایک ایک ناشپاتی دیں، جن پر سوال نمبر 2 کے تحت دیے ہوئے مصرعے لکھے ہوں اور ان کے جوابات لکھنے کی جگہ خالی ہو۔ چاروں گروہوں کو ہدایت دیں کہ وہ اپنی اپنی ناشپاتیوں پر لکھے ہوئے مصرعے پڑھیں اور پھر باہمی مشورے سے ان کے جوابات لکھیں۔

  اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر مصرعے لکھ کر ان میں الفاظ لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔

- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس مصرعے کی ناشپاتی آئی ہے، وہ مصرع بورڈ پر تلاش کر کے اس میں درست لفظ لکھے۔ درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- سوال 2 کے تحت دیے ہوئے مصرعوں کی پرچیاں بنائیں۔ ان کے سامنے دو ڈبے بنے ہوں جن میں دو مصرعے لکھے ہوں۔ ایک مصرع متعلقہ اور دوسرا غیر متعلقہ ہو۔ مصرعوں کی پرچیاں پلاسٹک کی تھیلیوں میں ڈال دیں۔
- بچوں کو 4 گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے مصرعوں کی پرچیاں نکالیں۔ ان پر لکھے ہوئے مصرعے پڑھیں اور پھر آگے دیے ہوئے مصرعوں میں سے درست مصرعے سے ملا کر شعر مکمل کریں۔ اس دوران بورڈ پر دو کالم بنا کر ان میں سوال 3 کے تحت دیے ہوئے مصرعے لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی مصرع بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس مصرع پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آکر بورڈ پر اس مصرع کو تلاش کرے گا اور اسے درست مصرعے سے ملائے گا۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور مشق کے سوال نمبر 2 اور 3 کو بورڈ سے دیکھ کر کاپیوں پر لکھیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر مشق کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کرنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: ماں کا خواب (نظم) | |

**مقاصد:** نظم پڑھ کر اس کے کرداروں کے بارے میں اپنی رائے قائم کر سکیں۔
دیئے گئے معمے سے الفاظ تلاش کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم" نظم "ماں کا خواب" میں سے کوئی سے پانچ سوالات پر مبنی پرچیاں، الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں، گتے کا پہیا، سادہ شیٹیں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ گزشتہ روز کے کام کا جائزہ لینے کے لیے بچوں کے ساتھ ایک دلچسپ سرگرمی کریں۔
- بچوں کے سامنے میز پر گتے کا بنا ہوا پہیا اس طرح سے رکھیں کہ بچے اسے آسانی سے دیکھ سکیں۔ پہیا آسانی سے گھوم سکتا ہو اور اس پر پانچ ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا پانچ نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- اب میز پر پہیے کے پاس ایک ٹوکری رکھیں جس میں سبق "حسن سلوک" میں سے کوئی سے پانچ سوالات پرچیوں پر لکھے ہوئے ہوں اور ان کی باہر کی جانب ایک تا پانچ نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیوں کے ایک طرف سوال اور دوسری طرف نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیاں بند کر دیں
۔
- اب کمرہ جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ پہیا گھومتا ہوا جس نمبر پر رکے گا، بچے کو اس نمبر کی پرچی دیں۔ بچہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھے گا اور اس کا جواب بتائے گا۔
- اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے باقی بچوں سے باقی پرچیوں پر بھی کروائیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔ اس مقصد کے پیش نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔

| |
|---|
| • بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھا دیں۔ بچوں سے کہیں کہ انھوں نے نظم پڑھ کر کیا سبق حاصل کیا؟ نیز انھیں کون سا کردار زیادہ پسند آیا اور کیوں؟ اس سے متعلق آپس میں بات چیت کریں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کو باری باری سبق سے حاصل شدہ اخلاقی سبق بتانے اور اپنے پسندیدہ کردار سے متعلق بتانے کے لیے کہیں۔ درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے گروہ کو شاباش دیں۔<br>• اب بچوں سے مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:<br>• ماں نے لڑکے کو دیکھ کر کیا کہا؟<br>• لڑکے کا دِیا کیوں بجھ گیا تھا؟<br>• بچوں کے جوابات لیں۔<br>• اب بچوں کو کہیں کہ ایک بچہ نظم میں موجود لڑکا اور دوسرا بچہ ماں کا کردار ادا کر کے نظم کو مکالماتی انداز میں اپنے ساتھیوں کو سنائیں۔<br>• بچوں کے 5 گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 6 میں دیے گئے الفاظ پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی چٹیں (Strips) دیں، ساتھ میں معمے کی پرچیاں بھی دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ چٹوں (Strips) پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں۔ معمے میں سے وہ لفظ تلاش کر کے اس کے گرد دائرہ لگائیں۔<br>• اس دوران مین بورڈ پر وہی الفاظ لکھ دیں اور ایک طرف معما بنا دیں۔ مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ تختہ تحریر پر لکھے ہوئے الفاظ میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا لفظ آیا تھا، پھر معمے میں سے اس لفظ کے حروف تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ لگائے۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے دوسرے الفاظ پر کروائیں۔ جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، وہ جیت جائے گا۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر الفاظ لکھ کر معما بنائیں اور بچوں سے الفاظ کے حروف کے گرد دائرہ لگوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: ماں کا خواب (نظم) | |

**مقاصد:** حروفِ شرط اور حروفِ جزا کا درست استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، بورڈ، کتاب "اُردو پنجم "مختلف حروف کی پرچیاں، جملوں پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی پرچیاں ٹوکری، حروف شرط و جزا کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- ایک ٹوکری لیں۔ اس میں مختلف حروف عطف، حروف ندا، حروف استعجاب اور حروف تاسف کی پرچیاں بنا کر بند کر کے ڈال لیں۔ ایک حرف سے متعلقہ چار پرچیاں ہوں۔
- جماعت کے 4 گروہ بنالیں اور ان کا ایک ایک لیڈر بھی بنادیں۔ ہر گروہ کے لیڈر کو ہدایت دیں کہ وہ اس ٹوکری میں سے کوئی سی دو پرچیاں نکال لیں، ان پر لکھے ہوئے حروف پڑھیں، ان کا نام بتائیں اور ان حروف کی مدد سے ایک ایک جملہ بنائیں۔ اس کام کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد تمام گروہوں کے لیڈروں کو بلائیں اور انھیں اپنے بنائے ہوئے جملے بتانے کے لیے کہیں۔ درست جملے بتانے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(20منٹ)

- بچوں سے پوچھیں کہ اگر ہم ہر کام محنت سے کریں تو کیا ہو گا۔ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- حروف شرط و جزا کی تعریف بتانے سے پہلے تختہ تحریر پر تین جملے لکھیں:

اگر بارش نہ ہوئی تو میں آؤں گا۔

جو بوؤ گے، سو کاٹو گے۔

اگر نیکی کرو گے تو اللہ تعالی خوش ہو گا۔

- اب بچوں کو ان جملوں کی خواندگی کروائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ان میں سے ہر جملہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حروف شرط "اگر، جب، اور جو "کو خط کشیدہ کریں۔

- بچوں کو بتائیں کہ یہ حروف شرط ہیں۔
- اب حروف "تو اور سو" کو خط کشیدہ کریں اور بچوں کو بتائیں کہ یہ حروف جزا ہیں۔ جیسے:
- اگر تم محنت کرو گے تو امتحان میں کامیابی حاصل کرو گے۔
- یہاں یہ معلوم ہوتا ہے کہ امتحان میں کامیاب ہونے کے لیے محنت کرنا ضروری ہے۔
- اس جملے میں "محنت" شرط اور "کامیابی" جزا ہے۔
- بچوں کو حروف شرط و جزا کی تعریف بتائیں اور تختہ تحریر پر لکھیں۔
- تعریف: شرطیہ جملہ دو حصوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ شرط والے حصے کو ظاہر کرنے والے لفظ کو "حروف شرط" کہتے ہیں جب کہ اس کے جوابی جملے کو ظاہر کرنے والے لفظ کو "حروف جزا" کہتے ہیں۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 8 کے تحت دیے گئے حروف شرط و جزا لکھیں اور پڑھائیں۔ اب پہلا نامکمل جملہ لکھیں اور پڑھائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ خالی جگہ میں درست حروف شرط و جزا لگا کر جملہ مکمل کریں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ اب خالی جگہ میں درست حروف شرط و جزا لکھ کر جملہ مکمل کریں اور پڑھائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر کروائیں۔
- کوئی سے چار حروف شرط و جزا کی چار پرچیاں بنالیں اور انھیں بند کر کے کسی ٹوکری میں رکھ دیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنائیں۔ کوشش کریں کہ ہر گروہ میں بچوں کی تعداد یکساں ہو اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی ہو۔
- ہر گروہ کے لیڈر کو باری باری بلائیں اور اسے ٹوکری میں سے ایک پرچی اُٹھانے اور واپس اپنی جگہ پر جا کر اسے کھولنے کی ہدایت دیں۔
- اس سرگرمی سے چاروں گروہوں کے پاس تمام الفاظ کی پرچیاں چلی جائیں گی۔
- اب بچوں کو ۵ منٹ کا وقت دیں کہ وہ اِن پرچیوں کو کھولتے ہوئے انھیں جملوں میں استعمال کریں۔
- سب سے پہلے جملے بنانے والے گروپ کو شاباش دیں اور باقیوں کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب جماعت کے دو گروہ بنالیں۔ سوال نمبر 8 میں دیے ہوئے جملوں پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی پرچیاں بنائیں۔ یہ پرچیاں دونوں گروہوں کو دے دیں۔ ایک پرچی پر تین جملے لکھے ہوں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیوں پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں اور خالی جگہ میں درست حروف شرط و جزا لکھ کر جملے مکمل کریں۔ اس دوران میں بورڈ پر سوال نمبر 8 کے تحت دیے گئے جملے لکھیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ایک گروہ کے بچے کو بلائیں۔ اسے بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں سے متعلقہ جملے تلاش کر کے درست حروف شرط و جزا لگا کر جملے مکمل کرنے اور پڑھ کر سنانے کی ہدایت دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی سے دوسرے گروہ سے بھی کروائیں۔ درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے گروہ کو شاباش دیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کتابیں کھولیں اور اس پر دیا ہوا سوال نمبر 8 حل کریں۔ اس دوران میں ان کی مدد اور رہنمائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

| |
|---|
| **جائزہ:**(5منٹ)بورڈ پر سوال نمبر 8 کے تحت دے گئے جملے لکھیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر خالی جگہ میں درست حروف شرط و جزا لکھوا کر جملے مکمل کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)جماعت میں کروایا گیا سبق دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام:ماں کا خواب (نظم) | |

**مقاصد:** اشارات کی مدد سے کہانی مکمل کر سکیں۔

مختلف سماجی تقریبات میں اردو بولنے میں فخر محسوس کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، سادہ شیٹیں، سوال نمبر 10 میں دیا ہوا کہانی کا خاکہ

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور پر جوش آواز میں بچوں کو السلام علیکم کہیں اور اُن کا حال دریافت کریں۔ جماعت کے بچوں کو ایک کہانی سنائیں جس میں غرور کا نقصان بتایا گیا ہو اور کام کو بر وقت انجام دینے کی تلقین کی گئی ہو۔ استاد خود ساختہ کہانی بھی سنا سکتے ہیں۔
- کہانی: ایک گاؤں میں دو بھائی رہتے تھے۔ دونوں تھے تو بہت اچھے مگر چھوٹا بھائی ہر وقت ڈینگیں مار تا رہتا کہ میں بہت ہوشیار ہوں، میری عقلمندی کے سامنے تو کوئی ٹھہر ہی نہیں سکتا، میں ہر مشکل کا حل نکال سکتا ہوں اور کسی مصیبت میں بھی نہیں پھنستا۔ بڑا بھائی اسے سمجھاتا کہ ایسی باتیں مت کیا کرو، وقت کا کوئی بھروسا نہیں۔ ایک دن ایسا ہوا کہ شام ہی سے آسمان پر کالے بادل چھاگئے اور تیز ہوا چلنے لگی۔ بڑے بھائی نے چھوٹے سے کہا جلدی آؤ، اس سے پہلے کہ کھیتوں میں کاٹ کر رکھی گئی گندم بھیگ کر خراب ہو جائے ہم اسے محفوظ جگہ پر پہنچا دیں۔ چھوٹے بھائی نے لاپرواہی سے کہا، ایسا تو ہو ہی نہیں سکتا۔ میں بارش آنے سے پہلے ہی گندم اُٹھالوں گا۔ آخر میری تیز رفتاری کس دن کام آئے گی؟ بڑا بھائی افسوس کرتا ہوا وہاں سے کھیتوں کی طرف چل دیا۔ اس نے نہ صرف اپنے، بلکہ بھائی کے کھیت سے بھی گندم اُٹھوا کر محفوظ کرلی۔ تھوڑی ہی دیر میں پہلے تیز آندھی اور پھر بارش نے سب کچھ جل تھل کر دیا۔ جب چھوٹا بھائی کھیت میں پہنچا تو وہاں کچھ بھی نہ تھا سوائے کیچڑ اور گارے کے۔ وہ روتا ہوا بڑے بھائی کے پاس آیا اور اپنا مسئلہ بتایا۔ بڑا بھائی مسکراتے ہوئے بولا، تمھیں تو اپنی سمجھداری اور تیز رفتاری پر بہت ناز تھا اب کیا ہوا؟ پریشان مت ہو میں نے وقت پر تمام گندم کو محفوظ جگہ پر پہنچا دیا تھا۔ چھوٹا بھائی یہ سُن کر بہت خوش ہوا اور اپنی نادانی پر اسے افسوس بھی ہوا۔ تو بچو! اپنی صلاحیتوں پر بھروسا کرنا اچھی بات ہے، مگر شیخی بھگارنا اور سستی برتنا ہمیں نقصان بھی پہنچا سکتا ہے۔
- کہانی سنانے کے بعد بچوں سے سوال کریں کہ بچو! آپ سب نے کہانی سُنی، اب آپ باری باری ہاتھ بلند کر کے اس کہانی کے بارے میں بتائیں کہ دونوں بھائیوں میں سے کس کا رویہ اور زندگی بسر کرنے کا طریقہ بہتر تھا؟ کیا ہمیں اپنی صلاحیتوں پر غرور کرنا چاہیے؟ بچوں کے جوابات کا انتظار کریں۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں شاباش بھی دیں۔ بچوں سے کہیں کہ سنائی گئی کہانی کا کوئی عنوان تجویز کریں اور نتیجہ بھی بتائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، انھیں بہترین لکھاری کے اعزازی کارڈ دیئے جائیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں سے پوچھیں کہ کیا انھیں کہانیاں پڑھنا پسند ہے؟ ان سے پوچھیں کہ وہ کس طرح کی کہانیاں شوق سے پڑھتے ہیں؟ ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم مختلف اخلاقی کہانیاں بنائیں گے اور ایک دوسرے کو سنائیں گے۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 10 کے تحت دیا ہوا خاکہ بنا دیں۔ بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کر دیں۔
- پھر انھیں کتاب کے صفحہ نمبر 81 پر سوال نمبر 10 کے تحت دیا ہوا خاکہ سادہ شیٹ دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اشارات کی مدد سے مل کر کہانی بنائیں اور اسے شیٹ پر لکھیں نیز اس کا اچھا سا عنوان اور اخلاقی سبق بھی لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد دونوں گروہوں کے لیڈر کو بلا کر ان سے ان کی بنائی ہوئی کہانی جماعت میں دوسرے بچوں کو سنانے کے لیے کہیں۔ نیز ان کہانی کا عنوان اور اخلاقی سبق بھی پوچھیں۔ جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہوگی، انھیں بہترین لکھاری کے اعزازی کارڈ دیے جائیں گے۔
- بچوں کی مدد سے کہانی بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے پڑھوائیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ کاپیاں کھولیں اور کہانی بورڈ سے دیکھ کر لکھیں۔ اس دوران کمرا جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیں۔ جہاں ضروری ہو، رہنمائی کریں۔
- سوال نمبر 11 کے لیے بچوں کو لائبریری سے علامہ محمد اقبالؒ کی کتاب بانگِ درا لا کر دیں اور طلبہ کو گروہ کی صورت میں ایک ایک نظم تجویز کر دیں۔
- بعد ازاں ایک مقابلے کا اہتمام کروائیں اور بچوں سے نظمیں سنیں۔ جو گروہ درست لب و لہجے میں نظمیں پڑھے اسے کوئی انعام دیں۔
- بچوں کو بتائیں اردو ہماری قومی زُبان ہے علامہ محمد اقبال نے اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں شاعری کی۔ ہمیں بھی روزمرہ زندگی میں ہونے والی تقریبات میں اردو بولنے پر فخر محسوس کرنا چاہیے۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے ہوئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) سوال نمبر 10 میں دیا ہوا خاکہ بورڈ پر بنا دیں۔ مختلف بچوں سے خاکے کی مدد سے کہانی لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی دہرائی کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ: 2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 6 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: بوائے اسکاؤٹس اور گرلز گائیڈ | |
| **مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، لفظی جیب، پرچیاں، مشکل الفاظ کے کارڈ، 1 تا 4 نمبر پر مشتمل پرچیاں | | |

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ بچوں سے گذشتہ روز کے کام کے بارے میں پوچھیں۔
- بچوں سے پوچھیں: کامیاب زندگی گزارنے کے لئے کن چیزوں کا ہونا ضروری ہے؟ ان سے جوابات لیں اور جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- سبق "بوائے اسکاؤٹس اور گرلز گائیڈ" کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں اور اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔ سبق میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو وہاں اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔ بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھالیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر باآواز بلند پڑھائیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 82 کھلوائیں۔ بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ اب پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں۔ وہ ٹوکری باری باری تینوں گروہوں کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔
- جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف کی بلند خوانی کرے گا۔
- متن کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس سے متعلق مختلف سوالات بھی کرتے جائیں تاکہ سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا ساتھ ساتھ جائزہ لیا جاسکے۔
- اب ہر گروہ سے تفویض کردہ پیراگراف کی خواندگی کروائیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرا جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔

| |
|---|
| • علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ مطلوبہ جملے پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنا دیں۔ دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہو الفظ پڑھے اور دوسرا گروہ وہ لفظ سبق کے جس جملے میں آیا ہو، اس جملے کی بلند خوانی کرے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔ |